No.SAC-M.01/2020
Supreme Appellate Court
Gilgit-Baltistan

Gilgit, the 22th October, 2020

پریس ریلیز

چیف جسٹس گلگت بلتستان جسٹس جناب سید ارشد حیسن شاہ اور سینئر جج وزیر شکیل احمد پر مشتمل ڈویژنل بینچ نے آج 37 مقدمات کی سماعت کی ۔اور متعدد مقدمات پر فیصلہ دیا اور کئی مقدمات میں فریقین کو نوٹسسز جاری کرنے کا حکم دیا۔سکردو شہر کے بننے والے مختلف پراجیکٹ پر از خود نوٹس کی سماعت کرتے ہوئے معزز عدالت نے سکریٹری ہیلتھ کو حکم دیا کہ فوری طور پر سکردو شہر سمیت غذر اور استور میں اکسیجن پلانٹ لگایا جائے ۔حالیہ کرونا وباء میں اس کی اشد ضرورت ہے۔دوران سماعت ایڈوکیٹ جنرل گلگت بلتستان محمد اقبال نے معزز عدالت کو بتایا کہ گلگت بلتستان کو محکمہ صحت میں چارسو آسامیوں کی منظوری مل چکی ہے لیکن الیکشن کمشنر کی طرف سے لگائی گئی پابندیوں کی وجہ سے ہم یہ تقریاں نہیں کرسکتے ۔ الیکشن کے بعد یہ تقریاں ہونگی۔ معزز عدالت نے الیکشن کمشنر کو ڈائریکشن دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت میں تقریوں پر پابندی فوری طور پہ ختم کریں۔ یہ عوام کی بنیادی انسانی حقوق کا معاملہ ہے اور سکریٹری ہیلتھ اور سکریٹری سروسز کو حکم دیا کہ وہ اسی ہفتے بذریعہ اشتہار ان آسامیوں کو مشتہرکریں۔ اور میریٹ پر قابل لوگوں کو بھرتی کریں۔ سکردو شہر میں پیٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ کرنے کی گنجائش کو بڑھانے کے لیے ڈائریکٹر پی ایس او اور سکریٹری پیڑولیم کو حکم دیا کہ سکردو شہر میں کم ازکم بیس دن کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کو ذخیرہ کرنے کے لیے آئل ڈیپو بنایا جائے ۔ سکردو شہر گلگت بلتستان میں سیاحت اور دفاعی لحاظ سے بھی اہم شہر ہے۔

22/10

چوہدری عبدالقیوم

میڈیا آفیسر